V-80

۲۸۷۶

محمد عبدالرحمٰن بارکر

مانٹریال - کینیڈا

مجلد ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۷۹ء

Naghmah-i Musalsal

Munshī Amīrullāh Taslīm

b. approx. 1820

d. 1911

poem describing the city of Mangrōl - buildings, people, special friends, king's festivities, etc. etc. — said to be in author's own hand.

33 leaves

18 lines per page

composed and dated 1315 AH

(1897-8)

خردمند و زیرک ہین ہشیار ہین — بڑے خدمتون کے سزاوار ہین

ذکر اربابِ نشاط ریاست

ریاست مین رقاص و نغمہ طراز — وہ نوکر ہین جن پر کرین ہم ناز
حسین و خوش آواز نازک ادا — گل اندام و گلرنگ و گلگون قبا
جو شوخی سے سرگرم رفتار ہون — گرے نقشِ پا لاکھون نمودار ہون
دمِ رقص وہ ناز پیدا کرین — کہ قدِ سہی سنہے حسرت سے دیکھا کرین
دکھائین جو محفل مین یہ گرمیان — دلِ شمع کشتہ سے نکلے دہوان
خصوصًا وہ ہنگامہ آرای آن — جسے کہتے ہین لوگ امراو جان
عجب شوخی اس فتنہ پرور کی ہی — قیامت غریب ایک ٹھوکر کی ہی
دلِ پیر مین لے اگر چٹکیان — بھرے سسکیان وہ بھی مثلِ جوان
وہ گیسوے جانِ عاشق وبال — رگِ دامِ تسخیرِ دل بال بال
خدا جانے ہر وقت ارمان مین — کہا کرتے ہین جھک کی کیا کان مین
سپیدا و سمین کیون مانگ ہی ای الہ — کہ مشہور کافر کا دل ہی سیاہ
سراپا چمکتے ہے پر نور ہے — جبین برگِ نخلِ سرِ طور ہے
وہ ابرو جو اندک اشارہ کرین — دلِ مہر و مہ کو دو پارہ کرین
جو بیگانہ صورت جگر آشنا — کہون تیرِ مژگان کو تو ہے بجا
جسے تاکین پیدا راحت نہو — جگر کو جو دیکھو تو حالت نہو
نہ آے کوئی زخم تن پر نظر — مشبک ہو چھننے کی صورت جگر
عجب چشمِ بیمار ہے سحر فن — کہ اس ناتوانی مین یہ بانکپن